فوری ریلیز کے لیے: 16/11/2022 **_KATHY HOCHUL گورنر_**

# _گورنر HOCHUL کا ہارلم میں شہری زراعت کو آگے بڑھانے کے لیے اندرونِ خانہ غذائی تیاری کے نظام کا اعلان_

**_نیو یارک پاور اتھارٹی مقامی نوجوانوں کو شہری زراعت، پائیداری اور غذائیت کے بارے میں آگاہی دینے کے مشترکہ مظاہرے میں Harlem Grown اور EPRI کے ساتھ شامل_**

**_مقامی اہلِ علاقہ کو سبزیوں کی سال بھر دستیابی کے لیے غذائی کنٹینر میں کٹائی_**

**_موسمیاتی اقدامات سے آگاہی، توانائی اور ماحولیاتی اثرات کی تخمینہ کاری، اور گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کمی کی پیمائش کے لیے تحقیقی مطالعے کا منصوبہ_**

**_اندرونِ خانہ زرعی کنٹینر کی تصویر یہاں دستیاب ہے_**

گورنر Kathy Hochul نے آج ہارلم میں اندرونِ خانہ زراعت کے ابتدائی منصوبے کا اعلان کیا ہے جو کم سہولیات یافتہ مقامی خاندانوں کے لیے تازہ پھلوں اور سبزیوں کی سال بھر دستیابی میں اضافہ کرے گا اور زیادہ سے زیادہ اندرونِ خانہ پیداوار کے حالات اور فصل کی پیداوار کے بارے میں قومی تحقیق کو آگے بڑھائے گا۔ نیو یارک پاور اتھارٹی کی جانب سے مالی معاونت فراہم کرنے والے اور توانائی کے R&D ادارے EPRI کی قیادت میں کثیر ریاستی مظاہرے کا حصہ، نیو یارک سٹی ہاؤسنگ اتھارٹی کی عمارت کے باہر بڑا شپنگ کنٹینر علاقوں کو سال بھر پیداوار بڑھانے، صحت مند عادات اپنانے اور استحکام پذیری اور ماحولیاتی مسائل کے بارے میں جاننے میں مدد کرے گا۔ Harlem Grown، ایک مقامی بلامنافع کام کرنے والا ادارہ، علاقے میں خوراک کی پیداوار اور امدادی تقسیم کا بندوبست کرے گا۔ منصوبہ یہ چھان بین بھی کرے گا کہ پیداوار میں اضافہ اور وسائل کا انتظام کس طرح کیا جائے، جبکہ متعلقہ گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج اور پانی کی کھپت کو کم کیا جائے۔ منصوبہ موسمیاتی قیادت اور علاقائی تحفظ کے ایکٹ کے اہداف کو آگے بڑھانے میں مدد کرتا ہے، جس کے تحت نیو یارک کو اپنے گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو کم کرنا درکار ہے جو سنہ 2030 سے پہلے 40 فیصد اور سنہ 2050 تک کم از کم 85 فیصد سے کم ہو۔

**گورنر Hochul نے کہا،** "سال بھر اندرونِ خانہ زراعت کے ساتھ، ہمارے علاقوں کو مقامی طور پر تازہ، صحت مند پیداوار اگانے کا موقع ملے گا تاکہ نیو یارک کو زیادہ پائیدار بنانے میں مدد ملے۔ مجھے ہارلم میں اس ہائیڈروپونک باغ کا اعلان کرتے ہوئے فخر ہے، جو مقامی خاندانوں کو صحت بخش خوراک فراہم کرے گا اور شہری کسانوں کی اگلی نسل کو تعلیم دینے میں مدد کرے گا۔ جبکہ ہم شہری فصلوں کی پیداوار کے ماحولیاتی اور توانائی کے اثرات کے بارے میں مزید جان رہے ہیں، نیو یارک ہمارے صاف توانائی اور گرین ہاؤس گیسوں میں کمی کے اہداف کو آگے بڑھانے کے لیے ملک میں پہلی بار ایک اور اہم قدم اٹھا رہا ہے"۔

نیو یارک پاور اتھارٹی اور منصوبے کے منتظمین نے آج منصوبے کے آغاز کا جشن منایا اور ہارلم میں نئے نظام کو دیکھا - ایک ہائیڈروپونک گرین ہاؤس جو مٹی کے بغیر ماحول میں پیداوار اگاتا ہے۔ بلامنافع کام کرنے والی تنظیم EPRI کی سربراہی میں ایک قومی مشترکہ تحقیقی کوشش کے جزو کے طور پر، ہارلم زرعی منصوبہ اندرونِ خانہ زراعت کے ماحولیاتی، توانائی، اور علاقائی اثرات کے بارے میں علم کو بڑھانے میں مدد کرے گی۔ یہ معلومات

توانائی اور پانی کی کھپت سمیت مقامی، اندرونِ خانہ فصلوں کی پیداوار کی پائیداری کے بارے میں وسیع تر سمجھ بُوجھ میں مدد دیں گی۔ نتائج اہلِ علاقہ کی شمولیت کو بڑھانے، ٹیکنالوجی اور زراعت پر تعلیمی مواقع فراہم کرنے، مقامی ملازمتوں کی تخلیق کو تحریک دینے اور مقامی فصلوں کی دستیابی میں اضافہ کرنے میں بھی مدد کریں گے۔

نیو یارک پاور اتھارٹی کی ماحولیاتی انصاف کی ٹیم، جو کہ نیو یارک پاور اتھارٹی کے ریسرچ، ٹیکنالوجی ڈویلپمنٹ اور اختراع پروگرام کے ساتھ 250,000$ مالیت کے پروگرام کے لیے فنڈ فراہم کر رہی ہے، نے "پھل اور سبزیاں لگانا۔ صحت مند علاقوں کی نشوونما" برانڈ کے 40 فٹ کے شپنگ کنٹینر کی جگہ کا انتظام کیا ہے۔ موسمی اثرات سے محفوظ بیرونِ خانہ کنٹینر PS 139 بزرگ افراد کے مرکز کے ساتھ والی 140 ویں اسٹریٹ پر ایک کھلی جگہ میں ہے، جسے فی الحال بیرونِ خانہ باغ اور ملاقات کی جگہ میں تبدیل کیا جا رہا ہے۔

**نیو یارک پاور اتھارٹی کے عبوری صدر اور سی ای او Justin E. Driscoll نے کہا،** "نیو یارک پاور اتھارٹی کو ہماری سہولیات کے آس پاس کے علاقوں کو مقامی طور پر پروان چڑھنے والے صحت مند وسائل فراہم کرنے میں ایک فعال حامی اور شراکت دار ہونے پر فخر ہے۔ صنعت کے طریقوں کو بہتر بناتے ہوئے نوجوانوں کو تعلیم دینا اور صحت مند فصلیں پیدا کرنا ایک جیت ہے۔ ایک ضرورت کی چیز کے طور پر، توانائی کا دانشمندانہ استعمال ہمیشہ ذہن میں ہوتا ہے اور ہم یہ سمجھنا چاہتے ہیں کہ اندرونِ خانہ غذائی تیاری ریاست کے گرڈ اور برقی استعمال کو کس طرح متاثر کرے گی جبکہ مقامی خاندانوں کو سال بھر کھانے کا ایک قابل اعتماد ذریعہ بھی فراہم کرے گی"۔

**ریاستی سینیٹر Cordell Cleare نے کہا،** "مجھے گورنر Hochul اور Harlem Grown کے کاروباری کام کی حمایت کرنے پر فخر ہے جن کے پاس ایک اختراعی، تعلیمی، ماحولیات کے حوالے سے باشعور اور نقل کیے جانے کے قابل ایک نمونہ ہے جو ہمارے نوجوانوں کو انمول ہنر اور اسباق سکھا سکتا ہے – نیز خاندانوں کو مقامی طور پر اگائی جانے والی پیداوار فراہم کر سکتا ہے۔ مجھے پُرخلوص امید ہے کہ اس قسم کے مقامی منصوبے ہمارے علاقے میں دیگر ضروری سرمایہ کاریوں جیسے کہ واقعی سستی رہائش کے ساتھ مل کر فروغ پائیں گے"۔

ہارلم کا منصوبہ ایک تبدیل شدہ اور بھاری موصل بار برداری کا کنٹینر کو ایک کنٹرول شدہ ماحول کی جگہ کے طور پر چلائے گا جو سال بھر تازہ، مقامی سبزیاں اگانے کے لیے برقی ٹیکنالوجی استعمال کرتا ہے۔ تازہ پیداوار تک مقامی رسائی کو بہتر بنانے کے علاوہ، اندرونِ خانہ زراعت نے بار برداری کے اخراجات کو کم کرنے اور فصل کی پیداوار میں قدرتی تیل کے استعمال کو کم یا ختم کرنے کا مظاہرہ کیا ہے۔ اندرونِ خانہ زراعت کیڑے مار ادویات کی ضرورت کو کم یا ختم بھی کر سکتی ہے، اور بعض فصلوں کے لیے پانی کی کھپت کو بہت کم کر سکتی ہے۔

پیداوار Harlem Grown کی جانب سے اگائی اور تقسیم کی جائے گی، جو اس منصوبے میں ایک قدرتی شریکِ کار ہے، کیونکہ یہ چار مرکزی فارموں، دو ہائیڈروپونک گرین ہاؤسز اور چھ شراکت داری والے باغات چلاتا ہے جو ہر سال ہارلم کے علاقے کو مفت تقسیم کیا جانے والا 5,000 پاؤنڈ سے زیادہ کھانا فراہم کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ، تنظیم رہنمائی اور شراکت داری کے ذریعے پورے علاقے پر اثرانداز ہونے کے لیے کوشاں ہے۔ یہ بچوں اور بڑوں کے لیے اپنے کھیتوں میں غذائیت کی مفت تعلیم کا پروگرام پیش کرتی ہے، جہاں اہلِ علاقہ تمام پھلوں اور سبزیوں کو لگانا، ان کی پرورش اور کٹائی کرنا سیکھتے ہیں۔ یہ کھانے کی تعلیم اور کھانا پکانے کی کلاسوں کو قریبی ہارلم سکولوں، رہائشی عمارات، اور سماجی تنظیموں تک پہنچانے کے لیے ایک موبائل تعلیمی کچن بھی چلاتی ہے۔

**Harlem Grown کے بانی اور سی ای او Tony Hillery نے کہا،** "ہمیں نیو یارک پاور اتھارٹی، EPRI اور نیو یارک سٹی ہاؤسنگ اتھارٹی کے ساتھ شہری زراعت کے اس انقلابی منصوبے کا حصہ بننے پر فخر اور خوشی ہے۔ Harlem Grown علاقے کے لیے حاضر ہے، اور یہ اندرونِ خانہ غذائی تیاری کا نظام ہمیں تمام عمر کے گروہوں — ہمارے نوجوانوں سے لے کر محلے میں ہمارے بزرگوں تک — کے ساتھ کام کرنے کا زیادہ موقع فراہم کرتا ہے۔ شہر میں زراعت کے لیے ہماری جگہ محدود ہے اس لیے ہمیں سال بھر تازہ، مقامی طور پر اگائی جانے والی خوراک فراہم کرنے کے طریقوں کے بارے میں جدید اور آگے کی سوچ رکھنے کی ضرورت ہے۔ یہ منصوبہ کھیتی باڑی سے کچھ بڑھ کر ہے؛ یہ خوراک اور ماحولیاتی پائیداری اور خوراک کے انصاف کے بارے میں ہے"۔

زراعت کے طریقوں کا جائزہ لینے کے علاوہ، یہ منصوبہ اس بات کا بھی جائزہ لے گا کہ اندرونِ خانہ غذائی تیاری ریاست کے برقی اور یوٹیلیٹی گرڈ کو کس طرح متاثر کر سکتی ہے۔ بجلی اور پانی کے استعمال کی نگرانی، ٹیکنالوجی کی اختراعات، اور پائیداری کے ملاحظات سے اس بات کا تعین کرنے میں مدد ملے گی کہ اندرونِ خانہ غذائی تیاری کی سہولیات اور توانائی فراہم کرنے والے کس طرح بہترین طریقے سے مل کر کام کر سکتے ہیں۔

**EPRI میں استحکام پذیری اور ماحولیاتی نظام کی محافظت کے ڈائریکٹر Morgan Scott نے کہا،** "کنٹرولڈ ماحولیاتی زراعت تحقیق کا ایک امید افزا شعبہ ہے جہاں علاقے اور توانائی کے شراکت دار زراعت کے مزید پائیدار طریقے بنانے میں مدد کر سکتے ہیں جو مقامی طور پر ان علاقوں کو فائدہ پہنچاتے ہیں جن کی وہ خدمت کرتے ہیں۔ ہم ہارلم میں نیو یارک پاور اتھارٹی کے ساتھ اور نیو یارک کی بڑی آبادی کے لیے اپنے تعاون کو وسعت دینے کے منتظر ہیں"۔

ہارلم ایک درجن سے زیادہ کنٹرول شدہ ماحولیات کے فارموں میں شامل ہو گیا ہے جن کا EPRI ملک بھر میں مطالعہ کر رہی ہے، جس میں بفلو کے علاقے میں شہر کی خدمت کے لیے سنہ 2020 میں شروع کیا گیا ایک ایسا ہی ابتدائی منصوبہ بھی شامل ہے۔ آج تک، بفلو فارم نے 1,200 پاؤنڈ سے زیادہ کرم کلہ (بند گوبھی کی ایک قسم) فراہم کیے ہیں جو FeedMore WNY کی غذائی پروگرامنگ کے جزو کے طور پر مقامی خاندانوں میں تقسیم کیے گئے ہیں۔

نیو یارک پاور اتھارٹی کی ماحولیاتی انصاف کی ٹیم صاف، قابلِ تجدید توانائی اور پائیداری کے بارے میں تعلیمی پروگرام پیش کرتی ہے، اور نیو یارک پاور اتھارٹی (New York Power Authority, NYPA) کے بجلی کے اثاثوں کے قریب واقع غیر محفوظ اور کم وسائل والے علاقوں کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے وسائل فراہم کرتی ہے۔ NYPA نیو یارک سٹی میں چھ مقامات پر چھوٹے صاف پاور پلانٹس چلاتی ہے۔ ٹیم سائنس، ٹیکنالوجی، انجینئرنگ اور ریاضی، یا STEM، پروگرامنگ کرے گی اور Harlem Grown نوجوانوں کے ساتھ علاقائی تقاریب کا اہتمام کرے گی۔

**ماحولیاتی انصاف کی نائب صدر Lisa Payne Wansley نے کہا،** "نیو یارک پاور اتھارٹی مقامی علاقوں کے افراد کی زندگیوں کو بہتر بنانے کے لیے کام کرتی ہے جہاں ہم ایسے پروگرام اور وسائل فراہم کر کے کام کرتے ہیں جو بصورتِ دیگر ان کے پاس نہیں ہوتے۔ اندرونِ خانہ غذائی تیاری ایک بڑھتی ہوئی صنعت ہے اور اس قومی مظاہرے سے حاصل ہونے والے علم کا پورے امریکہ میں پسماندہ علاقوں پر بڑا اثر پڑ سکتا ہے۔ استحکام پذیری اور سبز ٹیکنالوجی تازہ مقامی پیداوار تک سال بھر رسائی کو بڑھانے، پانی اور کیڑے مار ادویات کے استعمال کو کم کرنے، اور ہمارے بہت سے ضرورت مند پڑوسیوں کے لیے غذائی تحفظ کو فروغ دینے کی صلاحیت رکھتی ہے"۔

**نیو یارک اسٹیٹ کا قوم میں سب سے پہلا ماحولیاتی منصوبہ**

نیو یارک اسٹیٹ کا ماحولیاتی ایجنڈا اس ملک ماحولیاتی اور ماحول دوست توانائی کا سب سے جارحانہ ہے، جو ماحول دوست توانائی کی جانب ایک منظم اور منصفانہ منتقلی درکار کرتا ہے جو ملازمتیں پیدا کرے گا اور نیو یارک کے COVID-19 کی عالمگیر وباء سے ابھرنے کے ساتھ ساتھ ایک ماحول دوست معیشت کی آبیاری کرنا جاری رکھے گا۔ کلائمیٹ لیڈرشپ اینڈ کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ کے ذریعے قانون میں شامل کر کے، نیو یارک 2040 تک اپنے اخراج سے پاک بجلی کے شعبے کی تکمیل کے لازمی ہدف کے راستے پر ہے، جس میں 2030 تک 70 فیصد قابل تجدید توانائی کی پیداوار اور تمام معیشت میں کاربن کی غیر موجودگی حاصل کرنا شامل ہیں۔ اس کی بنیاد صاف توانائی کو بڑھانے کے لیے نیو یارک کی بے مثال سرمایہ کاری پر ہے جس میں ریاست بھر میں 120 بڑے پیمانے پر قابلِ تجدید اور ترسیل کے منصوبوں میں 35$ بلین سے زیادہ، عمارتوں کے اخراج کو کم کرنے کے لیے 6.8$ بلین، شمسی توانائی کو بڑھانے کے لیے 1.8$ بلین، 1$ بلین سے زائد صاف نقل و حمل کی پہل کاروں کے لیے، اور 1.6$ بلین سے زائد نیو یارک گرین بنک وعدوں کے لیے ہے۔ کل ملا کر، یہ سرمایہ کاریاں 2020 تک نیو یارک کے ماحول دوست توانائی کے شعبے میں تقریباً 158,000 ملازمتوں کی معاونت کر رہی ہیں، جو کہ سولر کی تقسیم کے شعبے میں 2011 سے لے کر 2,100 فیصد اضافہ ہے؛ اور ایک عزم کہ غیر سمندری ہوا کے ذریعے 2035 تک 9,000 میگا واٹس تیار کریں گے۔ کلائمیٹ ایکٹ کے تحت، نیو یارک اس پشرفت کو بروئے کار لے کر آئے گا اور 2050 تک گرین ہاؤس گیس کے اخراجوں کو 1990 کے مقابلے میں 85 فیصد کم کرے گا، اور ساتھ میں اس

بات کو یقینی بنائے گا کہ ماحول دوست سرمایہ کاریوں کے فوائد میں سے 35 فیصد کا رخ، 40 فیصد کے ہدف کے ساتھ، پسماندہ کمیونٹیز کی طرف ہو، اور پیشرفت کو 2025 کے توانائی کے مستعد استعمال کے ہدف، حتمی صارفین کے آن سائٹ توانائی کی کھپت میں 185 ٹریلین BTU کی بچت، کی طرف بڑھائے گا

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418